Staffordshire and Stoke-on-Trent
Integrated Care System

NHS

ہیلتھ پاسپورٹ گائیڈ

ہیلتھ پاسپورٹ سے کیا مراد ہے اور کون اس کا اہل ہے؟

اسٹارفورڈشائر اور اسٹاک آن ٹرینٹ ہیلتھ پاسپورٹ (Staffordshire and Stoke -on-Trent Health Passport) سیکھنے کی صلاحیت میں کمزوری، سیکھنے میں مشکل یا آٹزم میں مبتلا افراد کے لیے دستاویز ہے۔ ہیلتھ پاسپورٹ فرد اور ان کی نگہداشتِ صحت کی ضروریات کے متعلق اہم معلومات کو ریکارڈ کرتا ہے۔ جب اور جہاں انہیں اس کی ضرروت ہو – یہ انہیں بہترین نگہداشت حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

ہیلتھ پاسپورٹ حاصل کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

- اس فرد کی نگہداشتِ صحت کی ضروریات کا نظم کرنے میں معاونت کرنے کے لیے جس کے لیے آپ فکرمند ہوتے ہیں
- آپ کو ان کی نگہداشتِ صحت کی ضروریات کے متعلق اہم معلومات تک رسائی دینے کے لیے
- اگر انہیں ہسپتال جانے، GP سرجری یا کسی بھی نگہداشتِ صحت کی سہولت تک جانا درکار ہو تو ان کی مخصوص صحت اور ذاتی ضروریات کے متعلق NHS اسٹاف سے بات چیت کرنے کے لیے۔

میں ہیلتھ پاسپورٹ کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ جس کے لیے فکرمند ہیں یہاں سے آپ اس کے لیے ہیلتھ پاسپورٹ ڈاؤن لوڈ یا پرنٹ کر سکتے ہیں:
www.staffsstokeics.org.uk/health-passport

آپ اسے حاصل کرنے کے لیے ہماری مواصلاتی ٹیم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں ssotics.comms@nhs.net

ہیلتھ پاسپورٹ کو کیسے پُر کیا جائے؟

آپ اس دستاویز کو پُر کرنے میں اس فرد کی مدد کر سکتے ہیں جس کے لیے آپ فکر مند ہیں۔ ضروری ہے کہ آپ جتنی ممکن ہو معلومات فراہم کریں اور یہ کہ انہیں اپ ٹو ڈیٹ رکھیں۔

کیا مجھے ہیلتھ پاسپورٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے؟

جی ہاں، اس بات کی باقاعدگی سے پڑتال کرنا اہم ہے کہ آیا کوئی بھی اپ ڈیٹس درکار ہیں۔ آپ کو مکمل دستاویز دوبارہ پرنٹ کرنے کی ضرورت نہیں – آپ صرف اس صفحے(صفحات) کو پرنٹ کر سکتے ہيں جن ميں تبديلی درکار ہو۔

ہیلتھ پاسپورٹ میں اپ ڈیٹس کب درکار ہوتی ہیں اس کی کچھ مثالیں یہ ہیں:

- ✔ ان کے رابطے کی تفصیلات یا پتے جیسے ذاتی معلومات میں کوئی تبدیلی ہوئی ہو
- ✔ ان کی GP سرجری میں تبدیلیاں ہوئی ہوں
- ✔ نیا کیریئر یا ہنگامی رابطہ قائم ہوا ہو
- ✔ ادویات میں تبدیلی ہوئی ہو
- ✔ صحت کی کیفیات میں تبدیلی ہوئی ہو
- ✔ مواصلات کی ترجیحات میں تبدیلی ہوئی ہو
- ✔ ذاتی نگہداشت کی ترجیحات میں تبدیلی ہوئی ہو
- ✔ کوئی بھی دیگر تبدیلیاں جن سے صحت اور سماجی نگہداشت کے اسٹاف کا آگاہ ہونا ضزوری ہے۔

مجھے ہیلتھ پاسپورٹ کہاں رکھنا چاہیئے؟

ہیلتھ پاسپورٹ کو گھر میں محفوظ طور پر رکھنا چاہیئے۔ اسے فرد کی ضروریات کو سمجھنے میں اسٹاف کی مدد کرنے کی غرض سے ہر نگہداشتِ صحت کی اپائنٹمنٹ پر ساتھ لے کر جانا چاہیئے۔ ہیلتھ پاسپورٹ کو ہر اپائنٹمنٹ کے بعد گھر لے جانا چاہیئے۔

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

ہیلتھ پاسپورٹ پر مزید معلومات اور کارآمد رہنمائیوں کو تلاش کرنے کی غرض سے، ملاحظہ کریں: www.staffsstokeics.org.uk/health-passport. آپ اپنے اسمارٹ فون سے اس QR کوڈ کو اسکین کر کے بھی اس ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں۔